29/06/2026

07.40 / PM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگرہے ۔ خبروں کے بلیٹن کے ساتھ میں... **سید تجمل قادری**

پہلے اہم خبروں کی سرخیاں ۔

ہیڈ لائنز

*....... صدر جمہوریہ درو پدی مرمو نے آج راشٹر پتی بھون میں بہادر ی کے ایوارڈ کئے عطا ۔

*....... وزیر اعظم نریندر مودی کا سیشلز کا تین روزہ دورہ مکمل // دورے کو دونوں ملکوں کے ما بین رشتوں کو مستحکم کرنے کیلئے کلیدی نوعیت کا دیا قرار ۔

*....... لیفٹنٹ گورنرمنوج سنہا کی شری امر ناتھ جی گپھامیں پرتھم پوجا میں شرکت // کہا یاترا کے احسن انعقاد کیلئے تمام انتظامات مکمل ۔

اور

*....... وزیرا علیٰ عمر عبداللہ نے جموں کشمیر کو عالمی سطح کا ایکسپورٹ ہب بنانے کا دُہرایا عزم۔

صدر جمہوریہ

صدر جمہوریہ درو پدی مرمو نے آج راشٹر پتی بھون نئی دلی میں دفاع کی دوسری اعزازی تقریب کے دوران بہادری کے ایوارڈ عطا کئے ۔ائر مارشل ترون چودھری ، لیفٹنٹ جنرل Neeraj اور لیفٹنٹ Harbinder Singh Vandra ، لیفٹنٹ جنرلVikas Rohella ، لیفٹنٹ جنرلVarshne میڈل عطا کئے گئے ۔Ati Vishisht Seva کوMohinder Pal Singh جنرل

یہ انعامات مسلح دستوں ، مرکزی مسلح پولیس فورسز اور دیگر حفاظتی ایجنسیوں کے عملے کے بہادری کے غیر معمولی کارناموں کو تسلیم کرتے ہوئے دیئے جاتے ہیں۔

نائب صدر جمہوریہ سی پی رادھا کرشنن ، وزیر دفاع راجناتھ سنگھ اور کئی مرکزی وزراءبھی اس تقریب پر موجود تھے۔

مودی

وزیرا عظم نریندر مودی سیشلز کا اپنا تین روزہ دورہ مکمل کرکے وطن واپس پہنچ رہے ہیں۔ وزیر اعظم نے اپنے سیشلز کے دورے کو کامیاب قرار دیتے ہوئے کہاہے کہ اس سے دونوں ملکونکے درمیان دوستی اور باہمی رشتوں کو بلندیوں تک پہنچانے میں مدد ملے گی۔

ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں وزیر اعظم نے کہا کہ پچھلے 50برسوں کے دوران دونوں ملکوں کے درمیان اعتماد کافی گہرا ہو گیا ہے اور دونوں ملک ترقی کی راہ پر گامزن ہیں ۔ وزیر اعظم نے سیشلز کی آزادی کے 50برس مکمل ہونے کے سلسلے میں قومی دن تقریبات میں شرکت اور وہاں Patrick Herminiee کرنے پر مسرت کا اظہار کیا ۔ انہوں نے سیشلز کے صدر ڈاکٹر کی حکومت اور لوگوں کا شکریہ ادا کیا ہے۔

وزیر اعظم

دریں اثنا وزیر اعظم نے کہا ہے کہ عالمی سطح کے چلینجوں کے باوجود بھارت کے مختلف سیکٹروں میں استحکام بنا رہا ۔ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں چیف اکنامک ایڈوائزر ڈاکٹر V.Anantha Nageswaran کی طرف سے لکھئے گئے ایک مضمون کو شیئر کرتے ہوئے وزیر اعظم نے کہا کہ یہ کامیابی بہتر پالیسی سازی اور اقتصادی استحکام کی عکاس ہے۔

حلف

نائب صدر اور راجیہ سبھا کے چیر مین سی پی رادھا کرشنن نے آج پارلیمنٹ ہاؤس نئی دلی میں 8نئے منتخب شدہ ممبران کو حلف دلایا ۔ ان ممبران میں کانگریس کے ملک ارجن کھڑگے Meghjibhai ،جتندرMansingh Meranman Parmar ناگا راجا ، ترون چُگ ، M کےBJP، اور راجندر ہیرا لال جین شامل Adhikarimayum Sharda Devi، ڈاکٹر الکاسنگھ ،Kanzariya ہیں۔

LG-1

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے آج شری امر ناتھ جی گپھا میں پرتھم پوجا میں شرکت کی اور اس کے ساتھ ہی سالانہ شری امر ناتھ جی یاترا کا رسمی طور آغاز ہوا ۔لیفٹنٹ گورنر نے عالم انسانیت کی فلاح و بہبود نیز امن و امان کیلئے پرتھنا کی ۔

............Pooja........

لیفٹنٹ گورنر نے کہا کہ تین جولائی سے شروع ہونے والی یاترا کے بہتر انعقاد کیلئے شرائن بورڈ ، فوج ، پولیس ، حفاظتی عملے اور مقامی لوگوں کیلئے رضا کار باہمی تال میل کیساتھ کام

کر رہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ لوگوں کے تعاون سے بنیادی ڈھانچے کو بہتر بنایا گیا ہے اور شردھالوونکو ہر طرح کی سہولیات بہم کرائی جا رہی ہیں۔

یاترا دونوں راستوں سے 28اگست تک جاری رہے گی ۔ بعد میں میڈیا نمائندوں کے ساتھ بات کرتے ہوئے لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے کہا۔

...........LG.......

گیلانی ، ایل جی SJM اس موقعے پر ڈائریکٹر جنرل پولیس نلین پربھات ، سپیشل ڈی جی کارڈنیشن ڈاکٹر مندیپ کے بھنڈاری ، CEO کے پرنسپل سیکریٹری اور شری امر ناتھ جی شرائن بورڈ کے کشمیر وی کے بردی اور کئی دیگر اعلیٰ افسران بھی IGPڈویژنل کمشنر کشمیر انشل گرگ ، موجود تھے ۔

ماک ڈرل

دریں اثنا آج شری امر ناتھ جی یاترا کے احسن انعقاد کیلئے سرینگر جموں قومی شاہراہ پر مختلف محکموں اور ایجنسیوں کی طرف سے ایک ماک ڈرل کا انعقاد کیاگیا ۔ ہمارے کولگام کے نمائندے خورشید پڈرو نے خبر دی ہے کہ اس مقصد کیلئے شاہراہ کو آج چھ گھنٹوں کیلئے ٹریفک کیلئے بند کیا گیا تھا۔

پولیس یاترا

ادھر سرینگر پولیس کی جانب سے بھی سالانہ شری امر ناتھ جی یاترا کے تعلق سے پارمپورہ اور ملورہ علاقوں میں یاترا کے راستے پر ماک ڈرل کا انعقاد کیا گیا ۔

امود اشوک ناگپورے نے ریلوے اسٹیشن ہرناگ میں ایک میٹنگ کے دوران SSP اننت ناگ کے یاترا کے احسن انعقاد کیلئے کی جارہی تیاریونکاجائز ہ لیا۔

خراج

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے سنت کبیر داس جینتی کے موقعے پر لوگوں کو مبارکباد دی ہے۔

مبارکبادی کے ایک پیغام میں ایل جی نے کہا ہے کہ سنت کبیر داس جی کی انسانیت، رواداری اور اتحاد کے اصولوں پر مبنی تعلیمات ہر دور میں سماج کو تحریک بخشتی رہیں گی۔

عمرSKICC

وزیر اعلی عمر عبداللہ نے جموں کشمیر کو عالمی سطح کا ایک ایکسپورٹ ہب بنانے کے حکومت کے عزم کو دُہراتے ہوئے کہا ہے کہ مقامی کاریگروں ، سیلف ہیلپ گروپوں دستکاروں اور زراعت پر مبنی کارخانہ داروں کو مارکیٹنگ کی بہتر سہولیات فراہم کی جائیں گی ۔
سرینگر میں آج بائر سیلر میٹ2026کا افتتاح کرنے کے بعد تقریب سے خطاب کرتے ہوئےSKICC انہوں نے کہا کہ جموں کشمیر میں مختلف اشیاءکی برآمدات کے کافی وسائل موجود ہیں، جنہیں بروئے کار لانے سے یہاں کے معاشی ڈھانچے کو دوام حاصل ہوگا۔اس بائر سیلر میٹ میں 30بین الاقوامی اور قومی سطح کے بائر شرکت کر رہے ہیں۔وزیر اعلیٰ نے وہاں لگائے گئے سٹالوں کا بھی معائنہ کیا ۔ تقریب پر وزیر اعلیٰ کے مشیر ناصر اسلم وانی اور کئی دیگر اعلیٰ افسران بھی موجود تھے ۔

عمر عبداللہ

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے جموں کشمیر تک پنجاب کے راستے مال مویشی پہنچانے والی گاڑیوں سے مبینہ طور غیر قانونی طور فیس وصول کرنے کا معاملہ پنجاب کے وزیر اعلیٰ بھگونت مان کے ساتھ اٹھایا ہے ۔ایک مکتوب میں وزیر اعلیٰ نے آل کشمیر ہول سیل مٹن ڈیلرس یونین کی طرف سے اُجاگر کئے گئے تاجروں اور ٹرانسپورٹروں کے مسائل پنجاب کے وزیر اعلیٰ کی نوٹس میں لائے ۔ عمر عبداللہ نے کہاکہ بلا جواز فیس وصول کرنے سے یہاں مال پہنچانے میں تا خیر ہوتی ہے اور ٹرانسپورٹروں نیز تاجروں کو مالی مشکلات سے دوچار بھی ہونا پڑتا ہے ۔

عمر ملاقات

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ سے آج رابطہ دفتر سرینگر میں کئی ارکان قانون سازیہ اور عوامی وفود ملاقی ہوئے اوراپنے اپنے مسائل اور ترقیاتی ضروریات ان کی نوٹس میں لائے ۔ بیروہ شانگس ریاض احمد MLAپہلگام محمد الطاف وانی ،MLAمحمد شفیع وانی ، MLAکے سونا واری ہلال اکبر لون کے علاوہ متعدد وفود نےMLAراجپورہ غلام محی الدین میر ،MLAخان، وزیر اعلیٰ کے ساتھ ملاقات کی ۔

وزیر اعلیٰ نے ان کے مسائل غور سے سُنے اور یقین دلایا کہ حکومت ان مسائل کو حل کرنے کیلئے ترجیحی بنیادوں پر اقدامات کرے گی ۔

بریک

یہ خبریں آپ آکاشوانی سرینگر سے سُن رہے ہیں۔

پربھی سماعت کر سکتے ہیں۔ DTH اور AIR خبریںآپ آکاشوانی کے موبائیل اپلیکشن نیوز آن

الیکشن کمشنر

بھارت کے چیف الیکشن کمشنر گیانیش کمار نے آج اومپورہ بڈگام میں نیشنل انسٹی چیوٹ آف ، سپر وائزروں اور چناؤ عملے سے جڑے فیلڈ BLOs فیشن ٹیکنالوجی میں بڈگام ضلع کے اہلکاروں کے ساتھ ایک بات چیت کی اور انہینجمہوریہ عمل کے مختلف پہلوؤں سے متعلق روشناس کرایا ۔

کے رول کو اجا گر کیا ۔بعد میں میڈیا نمائندوں کے BLOs اس موقعے پر انہوں نے چناؤ عمل میں ساتھ بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا ۔

...........CEO...........

چیف الیکشن کمشنر کے ہمراہ جموں کشمیر کے چیف الیکٹورل آفیسر سنجیو ورما ، ڈسٹرکٹ الیکشن آفیسر بڈگام اطہر عامر خان اور کئی دیگر افسران بھی تھے۔

نشہ مکت

جموںو کشمیر کو منشیات کی لعنت سے چھٹکارا دلانے کےلئے100دنوں پر مشتمل نشہ مکت جموںو کشمیر ابھیان کے تحت سرگرمیاں شدو مد سے جا ری ہیں۔ منشیات کے خلاف ایل جی کا پیغام۔

------LG------

اس بدعت پر قابو پانے کےلئے درکار اقدامات اور لوگوں کی ذمہ داریوں کے تعلق سے ایک سماجی کارکن خورشید احمد ریشی نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا۔

-----Khurshid Ahmad---

جاوید ڈار

زراعت اور دیہی ترقی کے وزیر جاوید احمد ڈار نے آج نئی دلی میں راشٹریہ گرامین وکاس سممیلن2026میں شرکت کی ۔ زراعت کے مرکزی وزیر شیو راج سنگھ چوہان کی صدارت میں منعقدہ اس سمملین میں مختلف فلیگ شپ پروگراموں کے تحت دیہی بنیادی ڈھانچے کو مستحکم کرنے سے متعلق امور پر تبادلہ خیال کیا جا رہا ہے ۔جاوید احمد ڈار نے جموں کشمیر کی ترقیاتی ترجیحات اور اس سیکٹر سے جڑے دیگر معاملات کواجا گر کرتے ہوئے یو ٹی میں دیہی ترقی کے پروگرامونکی موثر عمل آوری کو یقینی بنانے کیلئے مرکزی حکومت کا بھر پور تعاون طلب کیا ۔

سکینہ

صحت اور طبی تعلیم کی وزیر سکینہ ایتو نے آج لائیسو کولگام میں ایک عوامی دربار کا انعقاد کیا ۔اس دوران انہوں نے لوگو ں کے مسائل اور ترقیاتی ضروریات کے بارے میں جانکاری حاصل کی ۔ انہوں نے لوگوں کو یقین دلایا کہ اجا گر کئے گئے تمام مسائل کو ترجیحی بنیاد پر حل کیا جائے گا ۔ بعد میں انہوں نے علاقے میں ایک واٹر سپلائی اسکیم کا بھی افتتاح کیا ۔ ا نہوں نے کہاکہ موجودہ حکومت لوگوں کے معیار حیات میں بہتری لانے کی وعدہ بند ہے ۔

ستیش شرما

خوراک ، سول سپلائز اور امور صارفین کے وزیر ستیش شرما نے آج ریلوے اسٹیشن جموں سے سومناتھ جی یاتریوں کے ایک جھتے کو گجرات میں سومناتھ مندر کیلئے جھنڈی دکھا کر روانہ کیا۔

اس موقعے پروزیر موصوف نے اس یاترا کی روحانی اہمیت کو اجا گر کرتے ہوئے کہا کہ اس یاترا سے مختلف خطوں کے لوگوں کے ما بین قومی یکجہتی اور باہمی اعتماد کو تقویت حاصل ہوتی ہے ۔

پلس پولیو

محکمہ صحت کے ورکر اور ایمونائزیشن ٹیموں نے آج جموں کشمیر کے سبھی اضلاع میں گھر گھر جا کر پانچ سال تک کی عمر کے اُن بچوں کو پولیو مخالف قطرے پلائے، جو کل کسی وجہ سے پلس پولیو مراکز پر نہیں آسکے تھے۔

یہ بات قابل ذکر ہے کہ کل ملک بھر میں پانچ سال تک کی عمر کے بچوں کو پلس پولیو مہم کے تحت پولیو مخالف قطرے پلائے گئے۔ جموں کشمیر کی سرکار نے تقریباً 19لاکھ بچوں کو "دو بوند زندگی کے " مہم کے دائرے مینلانے کا ہدف مقرر کیا ہے۔

انتقال

وادی کے ایک معروف ڈرامہ نویس اور قلمکار پروفیسر ڈاکٹر امر مالموہی انتقال کر گئے ہیں۔ ان کے انتقال پر کئی ادبی اور سماجی تنظیموں نے دکھ اور صدمے کا اظہار کیا ہے ۔

کلچرل اکیڈمی کی سیکریٹری ہروپندر کور نے آنجہانی کے فوت ہونے پر دکھ اور صدمے کا اظہار کرتے ہوئے آنجہانی کی وفات کو ادبی دنیا کیلئے ایک بڑا نقصان قرار دیا ہے۔

ڈاکٹر رفیق مسعودی ، مہجور فاؤنڈیشن کے صدر پیر زادہ DDG دور درشن سرینگر کے سابق ابدال مہجور اورادبی مرکز کمراز کے صدر محمد امین بٹ نے بھی آنجہانی کی وفات پر دکھ کا

اظہار کیا ہے۔تعزیت کرنے والوں میں دائر ہ ادب دلنہ کے نائب صدر شاہد دلنوی،احد زرگر میموریل ریسرچ فاؤنڈیشن کے صدر خورشید احمد زرگر ، مہک ڈرامٹک کلب سرینگر ، اندر کلچرل فورم سمبل ، ہدایت کار شیخ طارق جاوید،ادا کار گلفام بارجی اورریڈیو لسنرس ایسوسی ایشن کے صدر ساحل ڈار شامل ہیں۔

رانا

بینک شاخ اورICICجنگلات اور ماحولیات کے وزیر جاوید احمد رانا نے آج مینڈھر پونچھ میں سہولت کا افتتاح کیا۔ اس موقعے پر وزیر موصوف نے کہا کہ حکومت ہر ایک شہری کو ATM مالی شمولیات کے دائرے میں لانے کی وعدہ بند ہے ۔

موسم

محکمہ موسمیات کے مطابق جموں کشمیر میں اگلے 24گھنٹوں کے دوران جموں صوبے میں کہیں کہیں پر ہلکی بارش یا گرج چمک کے ساتھ چھینٹے پڑنے کا امکان ہے ، جبکہ کشمیر صوبے میں عام طور سے موسم خشک رہنے کی پیشگوئی کی گئی ہے۔

سرینگرمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت35.3ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت19.9ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

جمونمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 36.9 ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت28.5 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔

سرینگر میں کل طلو ع آفتاب صبح5بجکر 23 منٹ اور غروب آفتاب شام7 بجکر46منٹ پر ہو گا۔

اس کے ساتھ ہی خبرونکا یہ بلیٹن ختم ہوا۔

خدا حافظ۔

............................................

...........................

..........